سبقی منصوبہ بندی 1	مضمون: معاشرتی علوم	جماعت: چہارم	تیسری سہ ماہی
وقت: 40 منٹ	تاریخ: ________	ہفتہ: 7	اُستاد کا نام: ________

سبق کا نام: معاشیات	باب ششم: معاشیات

مقاصد:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- معاشیات اور ملک کی معیشت کی تعریف کر سکیں۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے سوال پوچھیں:

- آپ پچھلی بار کب بازار یا دکان پر گئے؟
- بازار جاتے ہوئے آپ کے پاس کتنی رقم تھی؟

ان کو بولنے کو موقع دیں اور حوصلہ افزائی کریں۔

تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 88 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں ہر انسان کی بے شمار خواہشات اور ضروریات ہوتی ہیں۔ لیکن ان ضروریات کو پورا کرنے کے لیے اس کے پاس وسائل کم ہوتے ہیں۔
- طلبہ کو متن کی مدد سے علم معاشیات کی تعریف بتائیں۔ بے شمار خواہشات اور ضروریات و محدود ذرائع کا مطالعہ علم معاشیات کہلاتا ہے۔
- اس علم کی مدد سے ہم یہ سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں کہ کس طرح محدود وسائل میں رہتے ہوئے ہم اپنی ضروریات اور خواہشات کو پورا کر سکتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں معیشت سے مراد کسی بھی ملک میں وسائل کا استعمال، اشیا اور خدمات کی پیداوار، ان کا لین دین اور استعمال ہے۔

اعادہ 3 منٹ

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کرائیں۔

جائزہ: **5منٹ**

مشق جزو(ا) کے سوال(i)اور(ii)کاجواب طلبہ سے پوچھیں۔

گھر کا کام: **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

تیسری سہ ماہی	جماعت: چہارم	مضمون: معاشرتی علوم	سبقی منصوبہ بندی 2
اُستاد کا نام:_______	ہفتہ: 7	تاریخ:_______	وقت: 40 منٹ

باب ششم: معاشیات	سبق کا نام: معاشیات

مقاصد:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- اپنی ضرورتوں اور وسائل کو مد نظر رکھتے ہوئے معاشی انتخاب کر سکیں۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- کیا وہ آپ اپنی جیب خرچ سے رقم بچاتے ہیں؟ یہ رقم بچا کر آپ کون سی ضروریات پوری کرتے ہیں؟

طلبہ سے جوابات لیں اور حوصلہ افزائی کریں۔

تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 88 تا 89 سے متن "معاشی انتخاب" کی پڑھائی کرائیں۔
- طلبہ کو بتائیں جب دو یا دو سے زیادہ اشیا کے درمیان ضروریات اور وسائل کو مد نظر رکھتے ہوئے انتخاب کیا جائے، تو یہ معاشی انتخاب کہلاتا ہے۔
- طلبہ کو معاشی انتخاب کو آسان لفظوں میں سمجھائیں جب ہم کسی دکان یا مارکیٹ میں جاتے ہیں تو ہمیں وہاں بہت ساری چیزیں نظر آتی ہیں جنھیں ہم خریدنا چاہتے ہیں مگر ہم صرف اُسی چیز کو خریدیں گے جس کی ہمیں اشد ضرورت ہے۔ کیونکہ ہمارے پاس رقم محدود ہوتی ہے۔
- طلبہ کو بتائیں اپنی جیب خرچ یا آمدن کے مطابق اشیا کے درمیان یہ چناؤ معاشی انتخات ہے۔

اعادہ 3 منٹ

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

جائزہ: 5 منٹ

مشق جزو (ا) کا سوال (iii) کا جواب طلبہ سے پوچھیں۔

گھر کا کام: 2 منٹ

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

تیسری سہ ماہی	جماعت: چہارم	مضمون: معاشرتی علوم	سبقی منصوبہ بندی3
اُستاد کا نام:________	ہفتہ:7	تاریخ:________	وقت:40منٹ

باب ششم: معاشیات	سبق کا نام: معاشیات

مقاصد:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- معاشیات کو ذاتی زندگی پر لاگو کر سکیں۔(جیب خرچ اور بچت)

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

تحریکی سرگرمی: 5منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے سوال پوچھیں:

- وہ کن باتوں کو مد نظر رکھتے ہوئے معاشی انتخاب کرتے ہیں؟
- معاشی انتخاب سے کیا مراد ہے؟

ان کے جوابات لیں اور حوصلہ افزائی کریں۔

تدریسی طریقہ کار: 25منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 89 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ میں مالی سمجھ پیدا کریں۔ انھیں بتائیں پیسہ انسانی زندگی کو آسان بنانے میں اہم رول ادا کرتا ہے۔ آمدنی کے ساتھ ضروری ہے کہ خرچ آمدنی سے کم ہو۔
- طلبہ کو ضرورت اور آسائش میں فرق سمجھائیں۔
- انھیں جیب خرچ سے بچانا سکھائیں۔ ہر مہینے جیب خرچ کے لیے چھوٹی سے رقم دیں اس کے ساتھ ہی پیسے جمع کرنے والا ڈبہ دیں اور ہدایت دیں کہ وہ اپنی بچت کو اس میں جمع کریں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ جن پیسوں کو وہ جمع کریں انھیں صحیح طریقے سے کہاں خرچ کرنا چاہیے؟

اعادہ 3منٹ

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

جائزہ: 5منٹ

پڑھائے گئے سبق سے متعلق طلبہ سے سوالات کریں۔

گھر کا کام: **2منٹ**

سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔